حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

تبصرہ: مولانا محمد اسحاق ظفر

● کتاب: درسِ علم وعرفان مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۸۰ صفحات قیمت: ۶۶ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ (سرحد)

انسان ہر لحہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات کا محتاج ہے ہر عمل میں جب تک اللہ تعالیٰ کی رضاء اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت نہ ہو، بے کار ہے۔ علم ہی کے ذریعہ عمل کی راہ ملتی ہے ورنہ نفس وشیطان انسان کو گمراہی کے قعرِ مذلت دھکیل دیتے ہیں۔ رسول کریم علیہ افضل التحیۃ والتسلیم نے امت مسلمہ کے اوّل طبقہ یعنی صحابہ کرام علیہم الرضوان کی اس انداز میں تربیت فرمائی۔ انسان میں جب تک رضا الٰہی اور اطاعت پیغمبر ﷺ کا جذبہ موجزن نہ ہو، اسی وقت تک اس کوئی عمل بھی باعث ِ نجات نہیں ہوسکتا۔ اس فکر کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے ''درس علم وعرفان'' نامی کتاب تحریر فرما کر عوام وخواص کو پرانا سبق یاد دلایا ہے۔ عقائد، اعمال اور معاملات کو قرآن وحدیث اور سنت کی روشنی میں بیان کرنے کے ساتھ دل کی کی آواز اور ضمیر کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے میدانِ عمل میں آنے کی دعوت دی ہے۔ اندازِ بیان نہایت سادہ اور دل نشیں ہے۔

● کتاب: فلسفہ نکاح ومسائلِ طلاق مؤلف: مولانا خواجہ ابوالکلام صدیقی

ضخامت: ۸۰ صفحات قیمت: درج نہیں۔ ناشر: قاری عبدالرحمٰن رحیمی۔ شعبہ نشرواشاعت جامعہ نعمت الرحیم، حسین آگاہی۔ ملتان

زیرنظر کتاب فلسفہ نکاح ومسائل طلاق میں جن دس عنوانات پر سہل اور جامع مانع انداز میں کلام کیا گیا ہے یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ اہل باطل، اسلام کے متفقہ مسائل کو بھی عوام الناس کی نظر میں مشکوک بنانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اس کتابچہ میں خواجہ صاحب نے نکاح کی افادیت وشروط کے علاوہ حرمت متعہ اور طلاق ثلاث کے وقوع کو قرآن کریم، سنت رسولِ امین ﷺ اور امت مسلمہ کے اجماع کی روشنی میں مرتب فرما کر مسلمانوں کی صحیح دینی رہنمائی فرمائی ہے۔ میاں بیوی کے حقوق وفرائض، طلاق کا صحیح طریقہ اور حلالہ کی شرعی حیثیت کے عنوانات پر سیر حاصل کلام کیا ہے ۔ شروروفتن کے اس دور میں یہ کتاب ہر گھر کی ضرورت ہے۔

● کتاب: قرآن اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مؤلف: مولانا محمد ندیم قاسمی

ضخامت: ۳۲ صفحات قیمت: ۲۵ روپے ناشر: مکتبہ سید احمد شہید، کچہری روڈ پسرور۔ ضلع سیالکوٹ

ازواج مطہراتؓ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کی عظمت اور مقام کا دفاع نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ رسول کریم